بھی ان کی عام زندگی میں کوئی بہتر انقلاب پیدا نہیں ہوتا۔ یہ کتاب حج کے اسی اصل مقصد اور اس کی غرض و غایت کی طرف متوجہ کرنے کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کے علاوہ آخر میں حج کے ارکان و آداب اور ان کے بجالانے کا بھی تذکرہ ہے۔ کتاب اس لائق ہے کہ ہر مسلمان اس کا مطالعہ کرے۔

(۱) سماجی بہبود۔ ضخامت ۵۰ صفحات قیمت چھ آنے۔

(۲) فلاحی ریاست کی جانب۔ ضخامت ۱۲ صفحات قیمت درج نہیں۔

(۳) دوسرا پنج سالہ پلان (خلاصہ) ۲۲۶ صفحات قیمت ایک روپیہ۔

(۴) صنعتی ترقی ضخامت ۴۴ صفحات قیمت دو آنے۔

(۵) خوراک اور زراعت۔ ضخامت ۴۴ صفحات قیمت دو آنے۔

(۶) رسل و رسائل۔ ضخامت ۴۴ صفحات قیمت دو آنے۔

(۷) نئے سماجی نظام کی جانب۔ ضخامت ۳۰ صفحات قیمت دو آنے۔

(۸) آب پاشی اور بجلی۔ ضخامت ۴۰ صفحات قیمت دو آنے۔

(۹) ہمارے پلان اور سوشلزم۔ ضخامت ۴۴ صفحات قیمت دو آنے۔

ناشر اور ملنے کا پتہ: پبلیکیشنز ڈویژن منسٹری آف انفارمیشن براڈکاسٹنگ گورنمنٹ آف انڈیا۔ اولڈ سکریٹریٹ۔ دہلی۔

مذکورہ بالا تمام کتابیں اور کتابچے حکومت ہند کے شعبہ اطلاعات و نشریات کی جانب سے شائع کئے گئے ہیں اور جیسا کہ ان کے ناموں سے ظاہر ہے۔ ان کا مقصد عوام کو حکومت کی ان تعمیری کوششوں سے واقفیت بہم پہنچانا ہے جو وہ پنج سالہ پلانوں کے نام سے ملک کی ترقی کے لئے کر رہی ہے۔ اس اعتبار سے یہ تمام مطبوعات نہ صرف کامیاب ہیں بلکہ ان کے مطالعہ سے قومی تعمیر کے مختلف گوشوں کے متعلق جو ٹھوس معلومات حاصل ہوتی ہیں ان کی بدولت یہ بہت زیادہ کارآمد بھی ہیں۔ یہ تمام مطبوعات، انگریزی سے ترجمہ کی گئی ہیں اس لئے یہ بات